# چشمہ گلیکسی

جولائی 2023



Premier Group
Since 1950

WWW.PREMIERGROUPPK.COM

# فہرست مضامین


حمد باری تعالیٰ ............ 01
نعت رسول مقبول ﷺ ............ 02
سی ای او کا پیغام ............ 03
سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا پیغام ............ 04
سی او او کا پیغام ............ 05
اداریہ ............ 06
ہمارے رہنما اُصول ............ 07
چشمہ سُپر لیگ ............ 08
مفید موبائل ایپس ............ 10
مجھے فخر ہے ............ 12
خون کا عطیہ ............ 14
غزل ............ 15
صاف دانت دلکش مسکراہٹ ............ 16
فرسٹ ایڈ ٹریننگ ............ 18
غزل ............ 19
افطار/ڈنر پارٹی ............ 20
ختم قرآن مجید ............ 21
قوت مدافعت بڑھائیں ............ 22
14اگست یوم آزادی پاکستان ............ 24
بزرگوں اور بچوں میں قریبی تعلق،ڈپریشن دور ............ 26
کرشنگ سیزن 23-2022 کی افتتاحی تقریب ............ 28
اقوال زریں ............ 30
چشمہ ماحول دوست ............ 31
تلبینہ ............ 35
اچھی باتیں ............ 36



عزیز الرحمان
ویلفیئر آفیسر (ایڈمن ڈیپارٹمنٹ)

# حمد باری تعالیٰ

کروں کیوں نہ حمد و ثناء اس خدا کی
کہ جس نے مجھے ہر خوشی عطاء کی

کیا در گزر میری ایک خطا کو
یوں مجھ پر مہربانی کی انتہا کی

میں کرتا رہونگا تیرا شکریہ میرے مولا
میری زندگی نے جب تک وفا کی

مجھے ہے آس بخشش کی اس سے
رحم کرنا عادت ہے میرے اللہ کی





دُر محمد
( اسٹیبلشمنٹ انچارج( ایڈمن ڈیپارٹمنٹ)

# نعت رسول مقبول ﷺ

دل میں یاد ان کی نگاہوں میں ہے صورت ان کی
زندگی بن کے ملی ہم کو محبت ان کی

وہ تو ہر عہد میں ہیں سارے جہانوں کے نبی ﷺ
ہے سمیٹے ہوئے کونین کو وسعت ان کی

چھٹ گئی ظلمتیں انسان کا مقدر جاگا
روشنی بھر گئی سینوں میں نبوت اُن کی

اُن کی رحمت کو گنہگار نہ ڈھونڈے بھی تو کیا
ڈھونڈ لیتی ہے گناہگار کو رحمت اُن کی

دو ہی چیزیں ہے ہدایت کیلئے دنیا میں
اک کتاب اُن کی ہے اوردوسری سنت اُن کی



ہم کو ایمان ملا ان کے طفیل اے قادر
کوئی کچھ بھی نہیں گر ہو نہ عنایت ان کی




# سی ای او کا پیغام

عباس سرفراز خان
چیف ایگزیکٹو آفیسر

میرے عزیز ساتھیو!

سب سے پہلے مَیں آپ سب کو کرشنگ سیزن 23-2022 کے کامیاب اختتام پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔اِس سال کے دوران ہمیں بے شمار مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جس میں سیلاب سیکورٹی کے مسائل اور مہنگائی قابلِ ذکر ہیں۔ 2022 کے سیلاب سے علاقے میں بہت زیادہ تباہ کاری ہوئی۔ مَیں خاص طور پر آپ سب اور آپ کے خاندان کے افراد کی ہمت اور حوصلے کی داد دوں گا ۔ جنہوں نے اس مشکل گھڑی کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ مَیں اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر گزار ہوں۔ کہ اِن تمام مشکلات کے باوجود ہمیں قوت بخشی کہ ہم اپنی ذِمہ داریوں سے احسن طریقے سے نبرد آزما ہو سکیں۔ مجھے یقین ہے کہ ہماری محنت اور لگن کبھی رائیگاں نہیں جائے گی۔چشمہ گلیکسی میگزین کا آئیڈیا قابلِ ستائش ہے۔ جس کے ذریعے آپ اپنی قابلیت کا اِظہار کر سکتے ہیں اور مَیں اُمید کرتا ہوں کہ وقت کے ساتھ اس میں مزید بہتری آئے گی۔اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔



# سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا پیغام

اسکندر محمد خان
(سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر)

معزّز ساتھیو!

چشمہ شوگر ملز کی شاندار روایات کے مطابق اس سال بھی آپ کی کارکردگی قابلِ تعریف ہے۔

یہ تمام ملازمین کی محنت اور لگن کا نتیجہ ہے کہ ہم ہر طرح کی مشکلات کے باوجود بہتر نتائج حاصل کر سکے۔ مستقبل میں مزید بہتر نتائج حاصل کرنے کے لیئے ہمیں جدید دور کے تقاضوں اور تیزی سے بدلنے والے نئے طریقہ کار کو اپنانا ہو گا۔ اور اپنے آپ کو اُن کے مطابق ڈھالنا ہو گا۔ سال 2022 اپنے ساتھ سیلاب جیسی آزمائش لایا اور مجھے خوشی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے آپ سب نے اس مشکل گھڑی میں ہمت اور جوانمردی سے کام لیا۔ مجھے اُمید ہے کہ مستقبل میں ہم ایسی قدرتی آفات کا مزید بہتر طریقے سے سامنا کر سکیں گے۔ گزشتہ سیزن میں تمام ملازمین کی کارکردگی قابلِ تحسین رہی ہے۔ اور مجھے یقین ہے کہ اگر آپ اِسی جذبے سے کام کرتے رہے تو ہم مستقبل میں مزید بہتر نتائج حاصل کریں گے۔

# سی او او کا پیغام

محترم ٹیم !
میں آپ کو پچھلے سال میں اچھی کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔تیزی کے ساتھ بدلتی مارکیٹ اور بڑھتی ہوئی مشکلات کے ساتھ آپ کو مختلف درپیش چیلنجز کا بہادری کے ساتھ سامنا کرنے پر میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

میرا ماننا ہے کہ میری ٹیم کے اندر کامیابی کے حصول اور خود کو ایک بلند مقام پر پہنچانے کی صلاحیت موجود ہے۔ ہمیں روز مرہ کی محنت کے ساتھ کچھ وقت اپنے لئے بھی نکالنا چاہیے تاکہ ہم آگے بڑھنے کا جذبہ کبھی نہ کھوئیں۔ یہ یاد رکھیں کہ ہمیشہ وقت کے ساتھ چلنے والی کمپنیاں ہی کامیاب ہوتی ہے۔ آپ تمام کیلئے میری ان گنت دعائیں، نیک تمنائیں اور پر خلوص محبتیں پیش ہے



نصرت علی خان
(چیف آپریٹنگ آفیسر)

# اداریہ

آج کل انٹرنیٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے دور میں ہر کوئی کتاب سے دور ہوتا جا رہا ہے اس لئے جس طرح جسمانی نشوونما کیلئے ہماری کمپنی سارا سال مختلف قسم کی کھیلو ں کی سرگرمیاں منعقد کرتی رہتی ہے ویسے ہی اس رسالے کا مقصد بھی آپ لوگوں کی ذہنی نشوونما کرنا اور ہماری کمپنی کے رہنما اُصولوں کو فروغ دینا ہے ۔ ہم اُن لوگوں کے بہت شکر گزار ہیں جنہوں نے اس میگزین میں اپنے پورے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور اس رسالے کو ایک یادگار رسالہ بنانے کی کوشش کی ۔ہم نے اپنے طور پر پوری کوشش کی ہے کہ اس رسالے میں کوئی کمی نہ رہ جائے اور کوئی بھی اس کو ایک نظر دیکھنے پر یقینی فائدہ حاصل کرے۔



غلام محی الدین شہزاد
(چیف ایڈیٹر)




محمد معاذ
(گرافکس ڈیزائنر)



محمد اسماعیل
(اسسٹنٹ ایڈیٹر)

ہم بریگیڈیئر (ر) اللہ نواز ملک (چیف ایڈمن آفیسر) کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے چشمہ گلیکسی میگزین کی تیاری پر میگزین ٹیم کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کی ۔



بریگیڈیئر (ر) اللہ نواز ملک
(چیف ایڈمن آفیسر)

# ہمارے رہنما اُصول

1. عزم اور ذمہ داری کے ساتھ مسلسل بہتری کیلئے کوشش کرنا۔
2. ایک اچھے رابطہ کے ساتھ ٹیم ورک میں اعتماد اور تعاون کو برقرار رکھنا۔
3. بزنس پارٹنرز کے ساتھ احترام اور شائستگی کے ساتھ برتاؤ کرنا۔
4. ذاتی اور پیشہ ورانہ دیانت داری کی مشق کرنا۔
5. تمام فیصلوں اور کاروائیوں کیلئے لاگت کے شعور کو یقینی بنانا۔

# چشمہ سپر لیگ

چشمہ شوگر ملز یونٹ 1 کے زیر اہتمام چشمہ سپر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں ملز کے تمام ڈیپارٹمنٹس کے ورکرز پر مشتمل 6 ٹیموں نے حصہ لیا اس ٹورنامنٹ میں نصرت علی خان (چیف آپریٹنگ آفیسر)، مرزا ندیم احمد (جنرل منیجر چشمہ شوگر ملز)، غلام محیی الدین شہزاد(اسسٹنٹ جنرل منیجر ایڈمن) اور دیگر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس نے شرکت کی۔ چشمہ سپر لیگ کا فائنل میچ ایڈمن ایگلز اور مکینیکل زلمی کے مابین کھیلا گیا جو کہ سنسنی خیز مقابلے کے بعد مکینیکل زلمی نے جیت لیا۔ فائنل میچ کی تقریب میں مہمان خصوصی نصرت علی خان (چیف آپریٹنگ آفیسر) نے جیتنے والی ٹیم سمیت کھلاڑیوں، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس و دیگر اچھی کارکردگی دکھانے والے ورکرز کو انعام اور شیلڈ پیش کی۔










CHASHMA SUPER LEAGUE
Pay: WINNER
Amount: 11000/-
Chashma Suger Mill




CHASHMA SUPER LEAGUE
Pay: RUNNER UP
Amount: 5500/-
Chashma Suger Mill





# مفید موبائل ایپس




## طبی علامات، وجہ جانیں (ada)

کبھی کبھار ہمیں سر درد، اینگزائٹی اور متلی سمیت کچھ ایسی علامات کا سامنا ہوتا ہے جن کی بظاہر کوئی وجہ سمجھ نہیں آتی۔ ایسے میں بعض افراد انٹرنیٹ کی مدد لیتے ہیں لیکن چونکہ ایک ہی علامات متعدد بیماریوں کی نشاندہی کرتی ہیں لہذا وہ عموماً درست معلومات حاصل نہیں کر پاتے۔

اس صورت حال میں پہلی ترجیح ڈاکٹر کی پیشہ ورانہ مدد حاصل کرنے کو دینی چاہئے جس کا کوئی متبادل نہیں۔ تاہم ان علامات کو سمجھنے کے لئے کسی حد تک ان ایپس کی مدد بھی لی جاسکتی ہے۔ اس میں انگریزی، جرمن، فرانسیسی، سواحلی، پرتگالی، ہسپانوی اور رومانیہ کی زبانیں ہیں۔ ان کا انتخاب کرنے کے بعد ایپس کی تمام تر تفصیلات اور فیچرز اسی زبان، میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

اس میں مریض کو عمومی صحت اور کیفیت سے متعلق سوالات کے جوابات دینا ہوتے ہیں۔ یہ ایپس صحت کے ہزاروں مسائل پر مشتمل اپنے ڈیٹا میں ان علامات کو چیک کر کے ایک رپورٹ پیش کرتی ہے۔ اس سے ان کہ ممکنہ وجہ اور کرنے کے کاموں پر معلومات حاصل ہو جاتی ہیں۔



## ایپ کی مدد سے پر سکون نیند (Piziz)

نیند ہماری زندگی کا ایک اہم حصہ ہے کیونکہ اس دوران جسم اپنی مرمت کرتا ہے اور ہمیں تازہ دم کرتا ہے۔ اس عمل کو بہتر طور پر انجام دینے کے لئے نیند کا معیاری یعنی پر سکون اور اس کا دورانیہ (ہر فرد کی ضرورت کے مطابق) پورا ہونا ضروری ہے۔ بعض افراد کے لئے ایسا کرنا کافی مشکل ہوتا ہے۔ جب وہ سونے کے لئے لیٹتے ہیں تو طرح طرح کے خیالات ان کے ذہنوں کو مصروف کرلیتے ہیں۔

نتیجتاً وہ جلد سو نہیں پاتے ۔ اس کے علاوہ نیند آنے کے بعد بھی وہ بار بار جاگتے رہتے ہیں۔ اس صورت حال سے نپٹنے کے لیے اس ایپ کی مدد لی جاسکتی ہے۔
اس میں ذہن کو جلد پر سکون کرنے،نیند لانے ، نیند پوری کرنے اور تازہ ہو کر جاگنے کے لئے مخصوص آوازیں وائس اُوورز،موسیقی اور ساؤنڈ ایفیکٹس (مثلاً بارش کی آواز وغیرہ) موجود ہیں جو ہر رات تبدیل ہو تی رہتی ہیں۔ایپ سے مستفید ہونے کے لئے اسے موبائل فون کے ایپ سٹور سے ڈاؤن لوڈ کریں ۔پھر ایئر فونز لگائیں یا سپیکر سے ہی ان آوازوں کو سنیں اور پر سکون نیند پائیں۔

## وزن گھٹانا ہو آسان (Bodyfast)

بعض افراد کو وزن گھٹانے کے لئے کسی ایسے شخص کی ضرورت ہوتی ہے جوان کی مسلسل حوصلہ افزائی کرتا رہے تاکہ وہ اپنے ہدف سے پیچھے نہ ہٹیں ۔ماہرین صحت کے مطابق وزن گھٹانے کا ایک صحت بخش اور مؤثر طریقہ " انٹر نیٹ فاسٹنگ " ہے۔اس میں متعلقہ شخص کو دن کے بڑے حصے میں بھوکا رہنا ہوتا ہے جبکہ بقیہ حصے میں کھانے پینے کی کوئی ممانعت نہیں ہوتی ۔ کچھ افراد کے لئے ایسا کرنا مشکل ہوتا ہے لہذا وزن کم کرنے کے اس مفید طریقہ کار پر باقاعدگی سے عمل کرنے اور مؤثر نتائج حاصل کرنے میں اس ایپ سے مدد لی جاسکتی ہے ۔ اس میں ہفتہ وار فاسٹنگ پلانز ، اس مقصد کے لیے 100 فیصد سے زائد مخصوص تراکیب اور اچھی صحت کے علاوہ جسمانی سرگرمیوں کے لئے ہفتہ وار چیلنجز بھی موجود ہیں۔ایپ میں کھانوں کے حقائق یعنی کن اشیاء میں کون سے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں اور یہ کتنے مفید یا نقصان دہ ہیں ،سے متعلق معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ایپ کے تمام فیچرز سے فائدہ اٹھانے کے لئے اسے آج ہی ڈاؤن لوڈ کریں۔



محمد عمران
کمپیوٹر آپریٹر ایڈمن ڈیپارٹمنٹ



# مجھے فخر ہے



میرا نام اشفاق حسین ہے میں پریمیئر گروپ آف کمپنیز میں بطور سیکورٹی گارڈ عرصہ 15 سال سے کام کر رہا ہوں۔ ملازمت کے ساتھ محبت اور فرائض کی احسن انداز سے ادائیگی ہی میری کامیابی کا راز ہے۔ مجھے فخر ہے کہ میں پریمیئر گروپ آف کمپنیز کا حصہ ہوں۔



میرا نام عبدالخالق ہے میں مکینیکل ڈیپارٹمنٹ
میں عرصہ 31 سال سے کام کر رہا ہوں میں نے اپنے کیرئیر کا آغاز بطور ٹربائن فٹر کیا اور آج الحمد اللہ بطور چیف انجینئر کام کر رہا ہوں میرا ماننا ہے کہ اگر انسان اپنی صلاحیت کو بروئے کار لائے، محنت و جذبے اور لگن کے ساتھ کام کرے تو وہ ایک دن ضرور کامیاب ہو سکتا ہے
مجھے فخر ہے کہ میں چشمہ شوگر ملز کا حصہ ہوں۔



میرا نام نویداللہ ہے میں الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ
میں بطور موٹر ریوائنڈر عرصہ 20 سال سے کام کر رہا ہوں۔ میں پیدائشی طور پر قوت سماعت سے محروم ہوں جس کی وجہ سے میرا شمار معذور طبقہ میں ہوتا ہے قوت سماعت سے محروم کے باوجود میں نے محنت کی اور اپنی صلاحیت کو اجاگر کیا مجھے فخر ہے کہ میں چشمہ شوگر ملز کا حصہ ہوں۔

# مجھے فخر ہے



میرا نام اشفاق حسین ہے میں چشمہ شوگر ملز میں
عرصہ 30 سال سے کام کر رہا ہوں میں نے اپنے کیریئر کا آغاز بطور کین کلرک کیا۔ آج الحمد اللہ ایڈمن ڈیپارٹمنٹ میں بطور ہیڈ کلرک کام کر رہا ہوں۔ میرا ماننا ہے کہ کام کے ساتھ دلجمعی اور ملازمت کے ساتھ مخلصی انسان کو کامیاب بنا دیتی ہے۔ مجھے فخر ہے کہ میں چشمہ شوگر ملز کا حصہ ہوں۔



میرا نام سجاد حسین ہے میں اکاؤنٹ ڈیپارٹمنٹ میں
عرصہ28 سال سے کام کر رہا ہوں میں نے اپنے کیریئر کا آغاز بطور کلرک کیا آج الحمداللہ میں بطور اسسٹنٹ مینجر پے رول کام کر رہا ہوں۔ میرا ماننا ہے کہ اگر انسان کسی بھی کام کو دلجمعی اور لگن کے ساتھ کرتا ہے تو اس کے لیے ترقی کی کئی راہیں کھل جاتی ہیں مجھے فخر ہے کہ میں چشمہ شوگر ملز کا حصہ ہوں۔



میرا نام میر احمد جان ہے میں کیمیکل ڈیپارٹمنٹ میں
عرصہ26 سال سے کام کر رہا ہوں میں نے اپنے کیریئر کا آغاز بطور ہیلپر کیا۔ہیلپر سے میٹ، میٹ سے سپروائیزر اور آج الحمداللہ بطور فورمین کام کررہا ہوں۔ مستقل مزاجی اور محنت کے ساتھ کام کرنا میری ترقی کا ذریعہ بنا۔ مجھے فخر ہے کہ میں چشمہ شوگر ملز کا حصہ ہوں۔




# خون کا عطیہ

خون کا عطیہ ایک ایسی خدمت ہے جو جان لیوا بیماریوں میں مبتلالاکھوں افراد کی مدد کرتی ہے جو کہ مختلف بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں جن میں تھیلی سیمیا سر فہرست ہے۔ خون کا عطیہ دینا ایک انسان کی صحت کیلئے ضروری ہے جو کہ اس کے نظام صحت کی دیکھ بھال کو مؤثر بناتا ہے۔خون کی فراہمی صرف رضاکارانہ عطیات کے ذریعے ہی برقرار رہ سکتی ہے لہذا ہر انسان کا اپنی صحت کے نظام کو مؤثر کرنے کیلئے خون کا عطیہ دینا ضروری ہے۔ خون کی افادیت کا اعتراف کرتے ہوئے ریجنل بلڈ سنٹر ڈیرہ اسماعیل خان کے زیر اہتمام اور چشمہ شوگر ملز یونٹ 1 کے تعاون سے چشمہ شوگر ملز 1 میں بلڈ کیمپ کا انعقاد کا گیا جس میں چشمہ شوگر ملز کے ورکرز نے خون کے عطیات دیئے اس کیمپ کے اختتام پر ریجنل بلڈ سنٹر کی جانب سے خون کا عطیہ کرنے والے تمام ورکرز میں تعریفی اسناد تقسیم کی گئی۔





محمد توقیر
(الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ)

# غزل

ساری دنیا میں مرے جی کو لگا ایک ہی شخص
ایک ہی شخص تھا ایسا بخدا ایک ہی شخص

ایسا لگتا ہے سبھی عشق کسی ایک سے تھے
ایسا لگتا ہے مجھے ملتا رہا ایک ہی شخص

وہ جو میں اس کی محبت بھی کسی اور سے کی
ان دنوں شہر کا ہر شخص لگا ایک ہی شخص

میں تو اے عشق تری کوزہ گری جانتا ہوں
تو نے ہم دو کو ملایا تو بنا ایک ہی شخص

مجھ سے ناراض نہ ہونا مرے اچھے لوگو!
کیا کروں میری محبت نے چنا ایک ہی شخص

تو جو کہتا ہے ترے جیسے کئی اور بھی ہیں
تجھ کو دعوٰی ہے تو پھر خود سا دکھا ایک ہی شخص

تو جسے چاہتا ہے میں بھی اسے چاہتا ہوں
اچھا لگتا ہے مجھے تیرے سوا ایک ہی شخص

دوست! سب سے کہاں کھنچتا ہے غزل کا چلہ
حجرہ میر میں ہوتا ہے سدا ایک ہی شخص

شاعر: عباس تابش

# صاف دانت دلکش مسکراہٹ

صحت مند دانت اور مسوڑھے جہاں صحت کے ضامن ہیں وہیں یہ آپ کی شخصیت کو پر کشش اور متاثر کن بھی بنا سکتے ہیں ۔لہذا اپنے بالوں ،ہاتھوں اور پاؤں کی طرح اپنے دانتوں اور مسوڑوں کی حفاظت کریں ۔ اس کیلئے ان ہدایات پر عمل کیجئے۔




اچھے اور صحت مند دانتوں اور مسوڑوں کیلئے ناشتے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے برش ضرور کریں ۔



سگریٹ ،پان، سپاری، چائے اور میٹھی چیزوں کا استعمال کم سے کم کریں۔

دانتوں کی صحت کیلئے برش کرنے کا طریقہ کار ٹھیک ہونا چاہیے ۔برش دائیں بائیں کرنے کے بجائے اوپر نیچے کرنا چاہیے ۔ دائیں بائیں برش کرنے سے دانتوں کے درمیان کی جگہیں صاف نہیں ہو پاتیں اور خوراک کے ذرات باہر نکلنے کی بجائے مسوڑوں میں چلے جاتے ہیں ۔ برش ٹھیک طرح سے کرنے میں وقت ذرا زیادہ لگتا ہے لیکن یہی بہتر عمل ہے۔



منہ کی صحت کے لئے برش کے ساتھ ساتھ فلاسنگ بھی ضروری ہے۔ برش سے دانت صاف تو ہو جاتے ہیں لیکن دانتوں کے درمیان خالی جگہ اچھی طرح صاف ہونے سے رہ جاتی ہے۔فلاسنگ کے لئے تھوڑا سادھاگہ دانتوں کے خلا کے درمیان ڈال کر اسے نرمی سے صاف کیا جاتا ہے۔





دانت صاف کرنے کے لئے نرم دندانوں والا برش استعمال کریں اور رگڑ رگڑ کر دانت صاف نہ کریں۔



ٹوتھ برش ہر تین ماہ بعد تبدیل کریں۔



کوئی بھی ٹوتھ پیسٹ جس میں فلورائیڈ ہو استعمال کیا جا سکتا ہے۔



محمد اختر
ڈسپنسری انچارج

# فرسٹ ایڈ ٹریننگ




ہمیں روزمرہ زندگی میں کئی قسم کے حادثات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسے میں اگر حادثہ سے متاثرہ فرد کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد پہنچائی جائے تو قیمتی جان کے ضیاع سے بچا جا سکتا ہے۔ ابتدائی طبی امداد کسی بھی مریض کو ہسپتال یا معالج کے پاس لے کر جانے سے پہلے دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ہر ذی شعور کو اس چیز کا ادراک ہونا چاہیے کہ اچانک کسی چوٹ یا حادثہ کی صورت میں فوری طور پر کیا احتیاطی تدابیر بروئے کار لانی چاہییں۔







ریسکیو 1122 ڈیرہ اسماعیل خان کے تعاون سے اور چشمہ شوگر ملز یونٹ 1 کے زیر اہتمام چشمہ شوگر ملز 1 میں فرسٹ ایڈ ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا اس ٹریننگ میں ریسکیو 1122 کے ماہر اور تجربہ کار اسٹاف نے چشمہ شوگر ملز ورکرز کو مختلف حادثات سے نمٹنے کیلئے طبی امداد کی ٹریننگ دی۔ جس میں تمام ورکرز اور آفیسرز نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔






# غزل

دشت میں پیاس بجھاتے ہوئے مر جاتے ہیں
ہم پرندے کہیں جاتے ہوئے مر جاتے ہیں

ہم ہیں سوکھے ہوئے تالاب پہ بیٹھے ہوئے ہنس
جو تعلق کو نبھاتے ہوئے مر جاتے ہیں

گھر پہنچا ہے کوئی اور ہمارے جیسا
ہم تیرے شہر سے جاتے ہوئے مر جاتے ہیں

کس طرح لوگ چلے جاتے ہیں اٹھ کر چپ چاپ
ہم تو یہ دھیان میں لاتے ہوئے مر جاتے ہیں

ان کے بھی قتل کا الزام ہمارے سر ہے
جو ہمیں زہر پلاتے ہوئے مر جاتے ہیں

یہ محبت کی کہانی نہیں مرتی لیکن
لوگ کردار نبھاتے ہوئے مر جاتے ہیں

ہم ہیں وہ ٹوٹی ہوئی کشتیوں والے تابش
جو کناروں کو ملاتے ہوئے مر جاتے ہیں

شاعر: عباس تابش



# افطار / ڈنر پارٹی

چشمہ آفیسر کلب کے ممبران کے اعزاز میں افطار / ڈنر پارٹی کا انعقاد کیا گیا جس میں چشمہ شوگر ملز یونٹ 1 کے آفیسرز اور چشمہ شوگر ملز یونٹ 2 کے تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ نے شرکت کی اس تقریب کے مہمان خصوصی نصرت علی خان(سی او او) چشمہ شوگر ملز تھے۔









# ختم قرآن مجید

چشمہ شوگر ملز یونٹ 1 کی مرکزی جامع مسجد میں ماہ رمضان المبارک میں 27ویں شب کو ختم قرآن مجید کے موقع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی مرزا ندیم احمد (جنرل منیجر چشمہ شوگر ملز) ود دیگر ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ تھے۔ اس بابرکت تقریب میں مولانا محمد امین نے رمضان المبارک کے ایام کو قیمتی بنانے کے عنوان سے بیان کیا جبکہ تراویح میں ختم قرآن مجید سنانے کی سعادت قاری عبدالوہاب (امام مسجد) نے حاصل کی تھی اس تقریب میں چشمہ شوگر ملز کے ورکرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔








# قوت مدافعت بڑھائیں

تندرستی ہزار نعمت ہے اور ایک تندرست جسم کے لیے طاقتور مدافعتی نظام بے حد ضروری ہے ۔ کسی بھی بیماری کو شکست دینے کے لئے ہمارے جسم میں اس سے لڑنے کے لئے ایک خود کار نظام موجود ہوتا ہے۔ یہ ہمارے جسم میں موجود مختلف جراثیم کو انجام تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرتا ہے ۔اسے عام زبان میں قوت مدافعت کہا جاتا ہے ۔ اس کی کمزوری اور مضبوطی کا انحصار مختلف عوامل مثلاً غذائی عادات ، نفسیاتی دباؤ، عمر،وزن اور طرز زندگی وغیرہ پر ہوتا ہے۔ عمر بڑھنے کے ساتھ دیگر نظاموں کی طرح مدافعاتی نظام بھی کمزور اور سست پڑجاتا ہے۔ نتیجتاًبزرگوں میں بیماریوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

غذا میں کچھ تبدیلیوں سے بزرگوں کی قوت مدافعت کو بڑھایا جا سکتاہے ۔ ان کے بیمار پڑنے کی شرح نسبتاً کم ہو جائے گی ۔ اس تناظر میں یہ غذائیں مدد گار ثابت ہو سکتی ہیں:

☆ موسمی سبزیوں اور پھلوں میں مختلف وٹامنز اور اینٹی آکسی ڈینٹس پائے جاتے ہیں ۔ ان میں شملہ مرچ، پھول گوبھی، سویابین، پھلیاں اور مٹر نمایاں ہیں ۔ اس کے علاوہ وٹامن سی جسم میں بیماریوں سے لڑنے والے خون کے سفید خلیوں کی تیاری میں مدد دیتاہے۔ لہذا عمر رسیدہ افراد کو وٹامن سی کے حامل پھلوں مثلاً کینو، نارنجی، لیموں، امرود، مالٹا اور کیوی وغیرہ کا استعمال کثرت سے کرنا چاہیے۔

☆ وٹامن ڈی کے حصول کے لئے صبح 15 سے 20منٹ تک دھوپ میں ضرور بیٹھیں ۔ اپنے لان یا صحن میں بیٹھ کر آستینیں کہنیوں تک چڑھالیں اور گھٹنوں تک کپڑے کا حصہ اوپر کریں تاکہ جسم کے زیادہ حصے پر سورج کی روشنی پڑسکے۔

☆ وٹامن اے سے بھر پور غذائیں مثلاً کلیجی،انڈے، مچھلی اور گوشت وغیرہ ضرور کھائیں ۔ اسی طرح کم پکا ہوا گوشت اور صاف فرائی انڈا کھانے سے گریز کریں ۔

☆ دالوں ،سفید یا کالے چنوں اورلوبیا میں پروٹین پائی جاتی ہے۔

☆ ڈیری مصنوعات مثلاً دہی اور لسی وغیرہ پر وبائیو ٹکس سے بھر پور ہوتے ہیں ۔یہ قوت مدافعت کو تقویت بخشنے کے ساتھ ساتھ آنتوں میں مفید بیکٹیریا کی بڑھوتری میں بھی اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ نتیجتاً نظام انہضام کو فعال رہنے میں مدد ملتی ہے۔ لہٰذا ان اشیاء کا استعمال نہ کریں۔

☆ ریشہ دار اجناس ،چوکر ،جو ،جوار ،گندم ،اور باجرہ قوت مدافعت بڑھانے کے ساتھ ساتھ بزرگوں کو قبض سے بھی محفوظ رکھتے ہیں۔

☆ لہسن قوت مدافعت بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے لیکن اسے زیادہ پکانے کی وجہ سے اس کے فوائد حاصل نہیں ہو پاتے۔ اس لیے اس کو سلاد اور چٹنی وغیرہ میں ڈال کر کھایاجائے تو زیادہ بہتر ہے۔










# 14 اگست یوم آزادی پاکستان

14 اگست کو پاکستان بھر میں یوم آزادی جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ یہ وہ دن ہے جب پاکستان 1947 میں برطانوی حکمرانوں سے آزاد ہو کر معرض وجود میں آیا۔14 اگست والے دن تمام بچے ، بڑے اور بوڑھے سبھی اپنا قومی پرچم فضاء میں بلند کرتے ہوئے اپنے قومی ہیروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں پورے ملک میں ہر طرف جشن چراغاں ہوتا ہے اور تمام شہروں میں تقریبات کا انعقاد کیا جاتے ہے۔

14اگست یوم آزادی پاکستان کے موقع پر چشمہ شوگر ملز1 کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اس تقریب میں چشمہ شوگر ملز کالونی کے بچوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور آزادی پاکستان کے عنوانات پر مختصر تقاریر کی اس تقریب میں بچوں میں رسہ کشی ، میوزیکل چیئر، ریس ، چمچ ریس کے کھیلوں اور کوئز مقابلے کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں جیتنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔




















شاہد حسین
سٹور آفیسر

# بزرگوں اور بچوں میں قریبی تعلق، ڈپریشن دور

باپ کی عمر 61 سال اور ماں کی عمر 57 سال ہے۔ ان والدین نے اپنے 35 سالہ بیٹے پر ایک مقدمہ کیا ہے۔ بیٹا پیشے کے اعتبار سے پائلٹ ہے ۔مقدمے میں 31 سالہ بہو اور اس کے خاندان سے بعض لوگوں کو بھی فریق بنایا گیاہے۔ان والدین کامطالبہ ہے کہ انہیں بیٹے سے وہ تمام رقم واپس دلوائی جائے جو انہوں نے اس کی پرورش، تعلیم بیرون ملک (امریکہ ) بھیج کر اس کو پائلٹ بننے کی تربیت دلوانے اور سب سے بڑھ کر فائیو سٹار ہوٹل میں اس کی شادی کی تقریبات پر خرچ کی تھی ۔جب وہ ملازمت سے ہاتھ دھو کر بے روز گار ہواتھا تو دو سال تک انہوں نے اسے معاشی سہارا بھی دیاتھا۔ اس کے علاوہ اس کے بیرون ملک ہنی مون منانے اور اسے گاڑی خرید کر دینے پر بھی انہوں نے بھاری رقم خرچ کی تھیں ۔کل ملا کر ان کا مطالبہ پانچ کروڑ روپوں کا ہے۔تو آخر ان والدین کو اپنے بیٹے سے شکایت کیاہے؟

والدین کا کہنا ہے کہ وہ اب بوڑھے ہو رہے ہیں ۔ جب بیٹے کی شادی کی تو خیال تھا کہ ان کے گھر میں بھی کوئی پوتی یاپوتا ہو گا۔ ریٹائر منٹ کے بعد وہ اس کے ساتھ وقت گزار سکیں گے اور بڑھاپے میں ان کا دل بہلانے کا ذریعہ بنے گا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ وہ کہتے ہیں:۔ہم نے اس کی شادی اس لیے تھوڑی کی تھی کہ ہم اس کے بعد بھی اکیلے رہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ انہیں اس سے کوئی دلچسپی نہیں کہ ان کے بیٹے کے گھر بیٹی کی ولادت ہوتی ہے یا بیٹے کی۔ انہیں تو بس ایک چھوٹے سے بچے کی خواہش ہے۔ ان کے وکیل کا کہناہے کہ وہ جب اپنے ارد گرد اور پڑوس میں اپنے ہم عمر لو گوں کو پوتے پوتیوں اور نواسے نواسیوں کے ساتھ کھیلتے دیکھتے ہیں تو ان کا دل بھی چاہتا ہے کہ ایسا کوئی بچہ ان کے پاس بھی ہو۔

خبر میں بیٹے اور بہو کا موقف نہیں دیا گیا اور نہ ہی یہ بتایا گیا ہے کہ ان کے ہاں اولاد نہ ہونے کا سبب خود ان کا اپنا فیصلہ ہے یا اس کی کوئی طبی وجوہات ہیں۔ تاہم مقدمے تک نوبت پہنچنے سے گمان یہی ہوتا ہے کہ اولاد نہ ہونے کا تعلق وجوہات سے نہیں بلکہ یہ بیٹے اور بہو کا اپنا فیصلہ ہے۔تو کیا بیٹے کی جانب سے مطالبے کے مطابق رقم کی ادئیگی سے والدین کا مسئلہ حل ہو جائے گا؟ ظاہر ہے کہ ایسا نہیں ہے۔والدین کی عمریں ابھی بہت زیادہ نہیں ۔ اس کے باوجود پوتے پوتی کی خواہش پوری نہ ہونے پر مقدمے کا سہارا لینا بڑی عجیب سی بات ہے۔یہ صورت حال ایک طرح سے ان کی مخصوص نفسیاتی کیفیت کو ظاہر کرتی ہے۔ اس میں کسی فوری مسئلے سے زیادہ انہیں آنے والے دنوں میں تنہائی کا خوف پریشان کر رہا ہے۔ عملاً تنہا تو وہ اس وقت بھی ہیں اور یہ بھی حقیقت ہے کہ بڑھتی عمر کے ساتھ تنہائی اور بالکل فراغت زندگی کو بے معنی بنا دیتی ہے۔ اس کے بر عکس چھوٹے بچے گھروں میں موجود ہوں تو بڑوں کو مشغولیت ہی نہیں زندگی کا ایک مقصد بھی مل جاتا ہے ۔ مقدمہ کرنے والے والدین نے یہ کہا تو نہیں لیکن بہت سے خاندانوں میں وارث کا نہ ہونا سماجی طور پر بھی اچھا نہیں سمجھا جاتا۔مقدمے کا فیصلہ تو معلوم نہیں کیا ہو گا لیکن اس خبر نے زندگی کی بعض اہم حقیقتوں کی یاد دہانی ضرور کروائی ہے۔تنہائی کسی بھی عمر میں انسان کے لیے پریشانی کا باعث ہوتی ہے تاہم بڑھتی عمر کے ساتھ تنہائی اور اس جڑے نفسیاتی مسائل زیادہ پریشان کرتے ہیں۔ دیکھا گیا ہے کہ اس کیفیت سے وہ لوگ نسبتاً زیادہ آسانی سے بچ جاتے ہیں جہاں خاندان بھلے مشترک نہ ہو لیکن والدین کو بچوں اور ان کے ساتھ میل جول کے مواقع بکثرت حاصل ہوں۔ اس موضوع پر تحقیقات سے معلوم ہو تا کہ بچے ہوں یا گھر کے بزرگ (دادا، دادی ، اور نانا، نانی )،ان کے درمیان گہرا تعلق دونوں ہی کو ذہنی صحت کے لیے مفید ہو تا ہے۔2016 میں بوسٹن یونیورسٹی کی ایک تحقیق میں 1985 سے 2004 تک کی کئی نسلوں کو زیر مطالعہ رکھا گیا۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ بچوں اور بزرگوں کے درمیان قریبی تعلق کو ڈپریشن سے دور رکھتا ہے۔





# کرشنگ سیزن 23-2022 کی افتتاحی تقریب

چشمہ شوگر ملز یونٹ 1 کے کرشنگ سیزن 23-2022 کا آغاز 28 نومبر 2022 کو کیا گیا اس موقع پر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا جس میں مرزا ندیم احمد (جنرل منیجر) و تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ نے شرکت کی تھی۔ کرشنگ سیزن کا آغاز جنرل منیجر پراجیکٹ نے ربن کاٹ کر کیا اس موقع پر مرزا ندیم احمد (جنرل منیجر) کا کہنا تھا کہ کسان ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں ان کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔



















# اقوالِ زریں

اختر شاہ
(جنرل سیکرٹری سی بی اے)

1. جسمانی امراض پرہیز سے جاتے ہیں اور روحانی امراض پرہیز گاری سے

2. مومن کی راحت کس میں ہے؟ اگر غفلت ہو گئی ہو تو سجدے میں اگر گناہ ہو گیا ہو تو توبہ میں!

3. انسان کو اچھی سوچ پر وہ انعام ملتا ہے جو اسے اچھے اعمال پر بھی نہیں ملتا کیونکہ سوچ میں دکھاوا نہیں ہوتا۔

4. ہمیشہ سچے لوگوں سے دوستی رکھو کیونکہ وہ اچھے دنوں میں سرمایا اور بُرے دنوں میں محافظ ہوتے ہیں۔

5. زمانے کا شکوہ نہ کرو بلکہ خود کو بدلو کیونکہ !پاؤں کو گندگی سے بچانے کا طریقہ جوتا پہننا ہے نہ کہ سارے شہر میں قالین بچھانا۔

6. غلطی ماننے اور گناہ چھوڑنے میں کبھی دیر مت کرو۔ کیونکہ سفر جتنا طویل ہوتا جائے گا واپسی اتنی ہی دشوار ہو گی۔




# چشمہ ماحول دوست

## گندے پانی کے علاج کا مقصد



فیکٹریوں اور ملوں وغیرہ سے نکلنے والے فاضل اور گندے پانی کے علاج کا سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ اس گندے پانی سے زیادہ نقصان دہ ٹھوس چیزوں کو نکالا جائے۔اس سے ٹھوس مواد اور کیمیکلز کو علیحدہ کر کے صاف شفاف پانی کو ماحول میں چھوڑا جائے۔اگر یہ ٹھوس مواد اور کیمیکلز اس پانی میں رہ جائے تو یہ پانی میں موجود آکسیجن کا استعمال کرتے ہیں جس آکسیجن کی پودوں اور جانوروں کو ضرورت ہوتی ہے۔

## گندے پانی کے علاج کی اہمیت

فیکٹریوں وغیرہ سے نکلنے والے گندے اور فاضل مادے میں طرح طرح کے کیمیکلز اور دوسرے نقصان دہ ٹھوس مواد موجود ہوتے ہیں۔جو کہ اس پانی کے فائدہ مند اجزاء کو جذب کر لیتے ہیں ۔ یہ ٹھوس مواد پانی میں موجود آکسیجن کی مقدار کو کافی حد تک کم کر دیتے ہیں ۔ جس آکسیجن کی آبی جانوروں اور پودوں کو ضرورت ہوتی ہے ۔ جب یہ ٹھوس مواد اس پانی میں موجود آکسیجن کو استعمال کر لیتے ہیں تو ہم آبی زندگی کیلئے آکسیجن کا حصول مشکل ہو جاتا ہے۔

# مل کے گندے پانی کو صاف کرنے کا عمل

سب سے پہلے مِل کا فاضل پانی ایک نالے کے ذریعے مِل سے خارج ہوتا ہے۔پھر وہی نالا مِل سے نکل کر لگونوں کی جانب جاتا ہے اس نالے میں مِل سے جو پانی آتا ہے اس میں کئی طرح کے کیمیکلز اور دوسرا مواد آرہا ہوتا ہے۔
تجزیہ:-اس نالے میں موجود پانی کی پی ایچ 6.00 ہوتی ہے اوراس پانی کا درجہ حرارت 39 ہوتا ہے اور اس کے ٹی ڈی ایس 840 ہے۔اس کے بعد یہ نالا لگون نمبر 1 میں داخل ہوتا ہے ہمارے پاس دو لگون ہیں۔



☆لگون نمبر 1:- لگون نمبر 1 سب سے پہلے فاضل پانی کو وصول کرتا ہے اس کا حجم 4200 $m^3$ ہے۔لگون نمبر 1 کی بناوٹ نہایت ہی عمدہ اور احسن طریقے سے کی گئی ہے۔لگون نمبر 1 جب بھر جاتاہے تو اس میں سے پانی لگون نمبر2 کی جانب جاتا ہے۔
تجزیہ:-لگون نمبر 1 میں موجود پانی کی پی ایچ 6.2 ہوتی ہے اور اسکا درجہ حرارت 36 ہوتا ہے اور اس کے ٹی ڈی ایس 790 ہے۔ جب لگون نمبر 1 بھر جاتا ہے تو اس میں ایک پائپ لگا ہوا ہے جس کے ذریعے پانی لگون نمبر 2 میں داخل ہوتا ہے۔



☆لگون نمبر 2:- لگون نمبر 2 بھی عمدہ اور احسن طریقے سے بنا ہوا ہے اس میں پانی لگون نمبر 1 سے ہو کر آتا ہے اس لئے اس میں ٹھوس مواد کم ہوتا ہے۔
تجزیہ:- اس کا حجم 1800 $m^3$ ہے۔ اس میں موجود پانی کی پی ایچ 6.4 ہوتی ہے اور ٹی ڈی ایس 750 ہے اور اس کا درجہ حرارت 29 ہوتا ہے۔

☆ایفلوینٹ پمپس پِٹ :-لگون نمبر 2 کے اندر ایک محفوظ جگہ بنی ہوئی ہے جس کا نام ایفلوینٹ پمپس پِٹ ہے

☆ایفلوینٹ ٹرانسفر پمپ:- ایفلوینٹ پمپس پٹ کے اندر 2 عدد ایفلوینٹ ٹرانسفر پمپس لگے ہوئے ہیں یہ پمپس پانی کو لگون سے اُٹھا کر آئل اینڈ گریس ٹریپ نمبر 2 میں پہنچاتے ہیں۔ہم ایک ٹائم میں ایک پمپ کو چلاتے ہیں اور دوسرے کو آرام دیتے ہیں۔ تجزیہ

Q=125 m3/h    H=18.50 M

n=1450 r.p.m    B.H.P=15 KW

☆آئل اینڈ گیس ٹریپ نمبر2:- ایفلوینٹ ٹرانسفر پمپ پانی کو ایک پائپ کے ذریعے آئل اینڈ گریس ٹریپ نمبر 2 میں ڈالتا ہے۔ تجزیہ:-اسکا حجم 112 $m^3$ ہے۔ اس میں موجود پانی کا درجہ حرارت 23 ہوتا ہے اس میں موجود پانی کی پی ایچ 6.32 ہوتی ہے۔ اس میں موجود پانی کے ٹی ڈی ایس 729 ہے۔




☆نیو ٹرالائیزیشن ٹینک :-آئل اینڈ گریس ٹریپ نمبر 2 سے پانی نیو ٹرالائیزیشن ٹینک میں داخل ہوتا ہے۔

تجزیہ:-اس کا حجم $56\ m^3$ ہے۔اس میں موجود پانی کا درجہ حرارت 23 ہوتا ہے اس میں موجود پانی کی پی ایچ 5.31 ہوتی ہے اس میں موجود پانی کی ٹی ڈی ایس 725 ہوتی ہے۔

☆فلیش چینل:-نیو ٹرالائیزیشن ٹینک سے پانی فلیش چینل میں داخل ہوتا ہے اس میں ہم کاسٹک سوڈا،پولی ایلومینیم کلورائیڈ اور انیونیک پولی مر سلوشن ڈالتے ہیں۔

تجزیہ:-اس کا حجم $70m^3$ ہے۔ اس میں موجود پانی کی پی ایچ 6.32 ہوتی ہے۔اس میں موجود پانی کے ٹی ڈی ایس 720 ہے اور درجہ حرارت 29 ہوتا ہے۔



☆پرائمری کلیسریفیئر:-فلش چینل پٹ سے پانی پرائمری کلیسریفیئر میں داخل ہوتا ہے۔یہ گول شکل نما کا بنا ہوا ہے اسکے اندر ایک سکریپر لگا ہوا ہے جو گھوم رہا ہے اس میں ٹھوس مواد کی سیڈلیٹنگ ہوجاتی ہے۔ سکریپر ٹھوس مواد کو سنٹر میں لے آتا ہے۔ سنٹر میں ہماری ایک پائپ لائن ہے اس کا ڈرین وال ہے جس کے ذریعے ہم ٹھوس مواد کو کیمیکل سلج ہولڈنگ ٹینک میں ڈرین کر لیتے ہیں۔

تجزیہ:-اس کا حجم 316.51 ہے اس میں موجود پانی کی پی ایچ 6.67 ہے اور ٹی ڈی ایس 696 ہے جبکہ درجہ حرارت 24 ہے۔






☆فلیش چینل پِٹ:-فلیش چینل سے پانی فلیش چینل پِٹ میں داخل ہوتا ہے۔

تجزیہ:-اس کا حجم $12\ m^3$ ہوتا ہے۔اس میں موجود پانی کی پی ایچ 6.62،ٹی ڈی ایس 715 اور درجہ حرارت 28 ہوتا ہے۔



☆عینعاکسک چیمبر:-پرائمری کلیریفیئر سے پانی عینعاکسک چیمبر میں داخل ہوتا ہے اس میں کھاد ڈالتے ہیں اس میں ری سر کولیشن مواد بھی آتا ہے۔

تجزیہ:-اس کا حجم 180 ہے اس میں موجود پانی کی پی ایچ 6.68 ہے اور ٹی ڈی ایس 690 ہے اور درجہ حرارت 24 ہے۔



☆ایریشن ٹینک:-عینعاکسک چیمبر سے پانی ایریشن ٹینک میں داخل ہوتا ہے۔اس کے اندر بیکٹیریا کی نشوونما ہوتی ہے اس کے اندر پانی سب سے زیادہ ٹائم رہتا ہے۔ تجزیہ:-اس کا حجم $4973m^3$ ہے۔اس میں موجود پانی کی پی ایچ 7.81 ہے۔اس کے ٹی ڈی ایس 620 ہے اور اس کا درجہ حرارت 25 ہوتا ہے ہم اسی سے ایس وی آئی معلوم کرتے ہیں۔

☆ایریشن ٹینک پِٹ:-ایریشن ٹینک سے پانی ایریشن ٹینک پِٹ میں داخل ہوتا ہے۔

تجزیہ:-اس کا حجم $18m^3$ ہوتا ہے۔







☆سیکنڈری کلیریفیئر:-یہ بھی گول شکل کا بنا ہوا ہے اس میں بھی سکریپر لگا ہوا ہے جو کہ گھوم رہا ہے جو بیٹھے ہوئے بیکٹیریا کو سنٹر میں جمع کرتا ہے۔اس کے سنٹر میں ایک پائپ لائن بچھی ہوئی ہے جس سے سلج ری سرکولیشن پمپ دوبارہ مواد کو عینعاکسک چیمبر میں ڈالتا ہے۔ تجزیہ:-اس کا حجم $502.4m^3$ ہوتا ہے۔اس کی پی ایچ 7.91 ہے اور اس کا درجہ حرارت 24 ہوتا ہے اور ٹی ڈی ایس 600 ہوتی ہے۔

☆سپرنیٹینٹ سینمپ:-سیکنڈری کلیریفیئر سے پانی نکل کر سپرنیٹینٹ سینمپ میں داخل ہوتا ہے۔ تجزیہ:-اس کا حجم $37.5\ m^3$ ہوتا ہے۔



☆ آوٹ لیٹ ٹریٹڈ واٹر:- پلانٹ سے نکلنے والے پانی کا رنگ سفید اور اچھا ہوتا ہے۔
تجزیہ:-اس کی پی ایچ 7.9 ہوتی ہے۔اس کے ٹی ڈی ایس 600 ہے اس کا درجہ حرارت 24 ہے۔آئل اور گیس 0٪ ہے سی او ڈی 70 ہے۔اس کی بی او ڈی 35،ڈی او 5.1 اور ٹی ایس ایس 17 ہے۔

☆ سلج ری سرکولیشن پمپس پِٹ:-سیکنڈری کلیریفیئر کے سنٹر میں جمع شدہ بیکٹیریا کو ری سرکولیٹ کرنے کیلئے دو پمپس استعمال ہوتے ہیں۔وہ دونوں پمپس اس سلج ری سرکولیشن پمپس پِٹ کے اندر موجود ہیں۔



☆ ری سرکولیشن پمپ:- سلج ری سرکولیشن پمپس پِٹ کے اندر 2 عدد پمپس موجود ہیں جو سلج کو دوبارہ عینعا کسک چیمبر میں ڈالتے ہیں۔

تجزیہ : Q=125 m3/h H=18.50 M
n=1450 r.p.m B.H.P=15 KW





☆ ائیر بلور:ہمارے پاس چار ائیر بلورز ہیں جو ایریشن ٹینک کو ہوا مہیا کرتے ہیں بیک وقت تین بلورز چلتے ہیں اور ایک بلور بیک اپ کا کام کرتا ہے۔

تجزیہ: Q=2822 $m^3$/min H=810 rpm
B.H.P=37 KW

☆ بائیو سلج ہولڈنگ ٹینک:- سلج ری سرکولیشن ٹینک کچھ بیکٹیریا کو بائیو سلج ہولڈنگ ٹینک میں ڈالتے ہیں۔
تجزیہ:-اس کا حجم 97.2 $m^3$ ہے۔



☆ کیمیکل سلج ہولڈنگ ٹینک:-پرائمری کلیریفیئر سے سیڈ شدہ کیمیکل ڈرین وال کے ذریعے کیمیکل سلج ہولڈنگ ٹینک میں آتا ہے۔
تجزیہ:-اس کا حجم 97.2 $m^3$ ہے۔



☆ سلج ٹرانسفر پمپ:-بائیو سلج ہولڈنگ ٹینک اور کیمیکل سلج ہولڈنگ ٹینک میں ایک ایک سلج ٹرانسفر پمپ لگے ہوئے ہیں۔جو سلج ڈرائینگ بیڈ میں ڈالتے ہیں۔

تجزیہ : Q=70 $m^3$/h H=20.4
n=2930 B.H.P=4.0 KW

☆ سلج ڈرائینگ بیڈ:- سلج ڈرائینگ بیڈ، سلج ٹرانسفر پمپ سے منتقل شدہ پانی اور سلج کو وصول کرتے ہیں۔ ہمارے پاس تین سلج ڈرائینگ بیڈ ہیں۔اس کے اندر ریت اور سٹون ہیں۔جن کے ذریعے پانی نیچے فلٹر ہو کر دوبارہ لگون نمبر 1 میں چلا جاتا ہے اور سلج باقی ریت پر رہ جاتی ہے۔اس کے بعد باقی ماندہ سلج خشک ہو جاتی ہے اور اس سے پانی الگ ہو جاتا ہے۔ تجزیہ:-ایک سلج بیڈ کا حجم 1364.16 $m^3$ ہے۔





# تلبینہ

## اجزاء

| | |
|---|---|
| جو کا آٹا | 2 کھانے لے چمچ |
| دودھ | 1 گلاس |
| شہد | 1 چائے کا چمچ |
| کھجور | 2عدد |
| پانی | 1 کپ |

## ترکیب


1 ۔ ایک پین میں دودھ ،پانی اور جو کا آٹاشامل کر لیں۔

2 ۔ آمیزے کو پیندے میں لگنے سے بچانے کیلئے گاڑھا ہونے تک چمچ ہلاتے ہوئے ہلکی آنچ پر پکائیں۔

3 ۔ مزیدار تلبینہ تیار ہے۔اسے پیالے میں نکال کر کھجور اور شہد شامل کر لیں۔



## غزائیت پہچانئے




سلیم الرحمان پراچہ
(ٹیکنیکل منیجر)

یہ ڈش بالعموم بزرگوں اور جوانوں سب کیلئے مفید ہے خصوصا ان بزرگوں کیلئے اچھا اور صحت بخش آپشن ہے جنہیں چبانے میں دشواری ہو۔اس کے علاوہ یہ میٹھا کمزوری دور کرنے میں بھی مفید ہے ۔تلبینہ میں زنک، میگنیشم اورنشاستہ موجود ہے۔فاسفورس،پوٹاشیم اور سوڈیم کی کم مقدار پائی انے کے باعث اسے گردے کے مریض بھی کھا سکتے ہیں ۔ذیا بیطس کے مریض اس میں شہد کی جگہ سوئیٹز استعمال کر سکتے ہیں۔

# اچھی باتیں

## موسم بہار



جواد خان

جماعت پنجم، پریمئر شوگر ملز مردان

موسم بہار میرا پسندیدہ موسم ہے۔ اس موسم میں دن اتنے گرم نہیں ہوتے سورج آب و تاب کے ساتھ چمکتا ہے درختوں کے نئے پتے نکلتے ہیں۔جانوروں کیلئے ہری گھاس آسانی سے مل جاتی ہے اس موسم میں رنگ برنگے پھول کھلتے ہیں کبھی کبھی بارش ہونے لگتی ہے پرندے بہت خوش ہوتے ہیں اس موسم میں نہ سردی ہوتی ہے اور نہ گرمی موسم خوشگوار رہتا ہے مکئی اور کپاس کی فصلیں اُگتی ہیں ہر ایک اس موسم سے لطف اندوز ہوتا ہے یہ ہر ایک کا پسندیدہ موسم ہے یہ میرا پسندیدہ موسم ہے۔

## زندگی کیا ہے؟



سمیر خان

جماعت پنجم، پریمئر شوگر ملز مردان





1۔زندگی عبادت کا نام ہے

2۔زندگی زندہ دلی کا نام ہے۔

3۔زندگی ایک پھول ہے جس کو ایک دن مُرجھا جانا ہے۔

4۔زندگی ایک چراغ ہے جس کو ایک دن بُجھ جانا ہے۔

5۔زندگی اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہے ۔

6۔زندگی ایک اسٹیج ہے جس پر انسان اپنا کردار ادا کرتا ہے اور آخری کردار موت ہے۔

زندگی صدیوں ،سالوں، مہینوں یادنوں میں نہیں بدلتی بلکہ
زندگی اُسی لمحے میں بدل جاتی ہے جس میں آپ زندگی
بدلنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔

